بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

**الحمدللّٰہ الواحد العدل و الصلوٰۃ والسلام علی سیدالأنبیاء و المرسلین وعلی اٰلہ وصحبہ أجمعین،أمابعد!**

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے ''**فتاویٰ علماء ہند**'' کی طہارت کے مسائل پر مشتمل تینوں جلدوں کی تکمیل کے بعد نماز کے مسائل سے متعلق جلد چہارم کی تکمیل کی توفیق مرحمت فرمائی، فتاویٰ کی اہمیت وافادیت دین اسلام میں قرن اول سے آج تک برقرار ہے، انشاء اللہ آئندہ بھی رہے گی۔ فتاویٰ کی تاریخ میں ہندوستانی علما ومفتیان کرام کی ایک روشن تاریخ رہی ہے، ان کے فتاویٰ پوری دنیا کے مسلمانوں کے لیے خصوصی اہمیت کا حامل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ فتاویٰ علماء ہند کی جب پہلی جلد حواشی کے ساتھ منظر عام پر آئی تو علما وخواص میں اس کی بے حد پذیرائی ہوئی اور انہوں نے اپنے تأثرات سے نوازا؛ یہ تأثرات جلد دوم وسوم میں دئے گئے ہیں اور چند تأثرات اس جلد میں شامل کئے جارہے ہیں۔ جس میں حضرت مولانا محمد برہان الدین سنبھلی، حضرت مولانا عبدالاحد ازہری، حضرت مولانا اسرارالحق قاسمی اور حضرت مولانا شاہ قادری سید مصطفیٰ رفاعی جیلانی ندوی کی تحریریں ہیں۔

فتاویٰ علماء ہند (جلد-۴) میں نماز کی اہمیت وافادیت اور اوقات سے متعلق مسائل کا احاطہ کیا گیا ہے۔ فتاویٰ کے علاوہ حاشیہ میں نماز سے متعلق دیگر مفتیٰ بہ مسائل کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے نماز کے باب میں جدید اور قدیم تمام اہم مسائل شامل ہوگئے ہیں۔ امید ہے کہ علماء، ائمہ، اہل مدارس اور اصحاب افتا خاص طور پر اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔ حواشی میں فقہی عبارتوں کے علاوہ آیات قرآنی، احادیث نبوی، صحابہ وتابعین کے آثار واقوال کو نقل کیا گیا ہے، جس کی وجہ سے یہ فتاویٰ مدلل بھی ہوگئے ہیں۔ (**والحمد للّٰہ علی ذٰلک**)

میں خاص طور پر شکر گذار ہوں اپنے احباب ومعاونین کا جو میرے ساتھ صبح وشام فتاویٰ کی ترتیب میں ابوالکلام ریسرچ فاؤنڈیشن کے تحت شریک ہیں، اسی طرح شکر گذار ہوں اپنے بزرگ الحاج شمیم احمد صاحب اور مولانا محمد اسامہ شمیم ندوی زید مجدہم کا، جن کی خصوصی توجہ سے یہ کام پایۂ تکمیل کو پہونچ رہا ہے اور ان فتاویٰ کی عربی وانگریزی ترجمہ کا کام بھی ہورہا ہے، الحمدللہ جلد اول ودوم کے عربی اور انگریزی ترجمے مکمل ہوگئے ہیں اور جلد ہی طبع ہونے والے ہیں۔ اللہ ان کی اس سعی کو قبول فرمائے اور میرے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین

(انیس الرحمٰن قاسمی)
ناظم امارت شرعیہ بہار، اڑیسہ وجھارکھنڈ
صدر: ابوالکلام ریسرچ فاؤنڈیشن، پٹنہ

۵؍رجب المرجب ۱۴۳۶ھ
۵؍مئی ۲۰۱۵ء